عورتوں کے خلاف منفی رسومات کے تدارک کا قانون 2011ء

جوکوئی دھوکے یا کسی غیر قانونی طریقے سے کسی بھی عورت کو منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد سے محروم کریگا اسے کم سے کم پانچ سال اور زیادہ سے زیادہ دس سال قید یا دس لاکھ جرمانہ یا دونوں سزائیں ہوسکتی ہیں۔

کسی بھی عورت کی زبردستی یا کسی اور طریقے سے شادی کرانا، اور ایسا کرنے پر مجبور کرنا جرم ہے۔ جس پر کم سے کم تین سال قید یا زیادہ سے زیادہ دس سال قید اور پانچ لاکھ روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے۔

مجرمانہ و دیگر نوعیت کے جھگڑوں کو نمٹانے کی خاطر بچیوں اور خواتین کو بدلہ صلح کے طور پر پیش کرنا (ونی، سورہ) قانوناً جرم ہے۔ جس کی سزا تین سے سات سال کی قید اور پانچ لاکھ تک جرمانہ یا دونوں ہوسکتے ہیں۔

لڑکیوں کی قرآن پاک سے شادی غیر انسانی اور غیر قانونی قدم ہے۔ ایسا کرنے کی صورت میں تین سے سات سال تک قید یا پانچ لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں ہوسکتی ہیں۔

BLUE VEINS
Awareness. Action. Advocacy

Global Fund for Women